for more materials visit www.educationobserver.com/forum

**Series : SKS/1**

کوڈ نمبر
**Code No. 30/1**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **6** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **11** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 Minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the student will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اُردو (الیکٹو)

# URDU (Elective)

مقرّرہ وقت : 3، گھنٹے — کُل نمبر : 100

*Time allowed : 3 hours]* — *[Maximum marks : 100*

.1 درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **10**

"جو پہلے سے کروڑپتی اور ارب پتی تھے ان کی سب سے بڑی پریشانی مزدور تھا، جو آنکھ میں لگانے کو بھی نہ ملتا تھا۔ کارخانے بند ہونا شروع ہو گئے تو دوسرے ملکوں نے اپنا ردّی سامان پہنچانا شروع کر دیا۔ ملک کے بڑے بڑے انجنیئر ، سائنٹسٹ، ٹیکنوکریٹ کوڑی کے تین ہو گئے۔ باہر کے ملکوں نے جب تجارت کے نام پر دھاندلی شروع کر دی اور ایک ہزار روپے میں ایک ماچس بیچنا شروع کر دی تو حکومت بوکھلا گئی۔ لیکن اس دن تو حکومت کے ہاتھوں کے طوطے ہی اڑ گئے جب اسے معلوم ہوا کہ ملک کے کسان اپنی دولت چپکے چپکے دوسرے ملکوں کے بینکوں میں جمع کر کے کھسکتے جا رہے ہیں اور فصل اُگانا توہین آمیز کام سمجھنے لگے ہیں۔ یہ دیکھ کر حکومت نے اپنے سارے اعلیٰ دماغوں کو یکجا کیا۔ بڑے بڑے سیمینار کیے۔ سوال یہ تھا کہ ملک کے سو فیصدی لوگ ایک ساتھ

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

ایک جیسے مال دار ہو سکتے ہیں ؟ کیا سب کو مالدار ہو جانے دیا جائے ؟ جواب ملا نہیں ایسا کبھی نہیں ہونا چاہیے۔''

(1) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(2) کروڑ پتی، ارب پتی لوگوں کی بڑی پریشانی کیا تھی ؟

(3) باہر کے ملکوں نے تجارت میں کیا دھاندلی شروع کر دی ؟

(4) حکومت کے ہاتھوں کے طوطے کیوں اُڑ گئے ؟

(5) حکومت نے لوگوں کو جمع کرکے کیا کیا اور اسے کیا جواب ملا؟

یا

خوجی سے ہماری پہلی ملاقات نواب صاحب کے تاریخی بٹیر صف مشکن علی شاہ کے گم ہو جانے کے وقت ہوتی ہے۔ جہاں بہت سے مصاحب نواب صاحب کو بٹیر کی گم شدگی پر تعزیت دے رہے ہیں وہاں خوجی بھی ہے۔ اس میں کوئی خصوصیت ایسی ضرور ہے کہ وہ بہت جلد ہمیں اپنی طرف متوجہ کر لیتا ہے۔ اس کی تیز زبانی، اس کے فقرے، اس کی خالص افیونیوں کی سی گفتگو، سب میں ایک ذہین بھانڈ کی کیفیت ہے۔ شروع میں ایسا نہیں معلوم ہوتا کہ آگے بڑھ کر اس کی ہستی افسانے پر چھا جائے گی اور جہاں وہ نہ ہوگا وہاں ''فسانۂ آزاد'' کی دل کشی کو گہن لگ جائے گا۔ لیکن جب نواب صاحب کی زبانی یہ معلوم ہوتا ہے کہ خوجی کی عمر ساٹھ سال ہے تو ہمیں اس کی باتوں میں ایک طرح کا مزا آنے لگتا ہے۔ وہ اپنے خیال میں سنجیدگی سے رائے دے رہا ہے لیکن ہر شخص اسے چھیڑتا ہے۔ وہ بھی خاموش نہیں رہ سکتا۔ ہر بات کا جواب دینا ضروری ہے۔ ہر جگہ اپنی برتری جتانا ضروری ہے۔ اور ہر شخص پر تنقید کرنا لازمی ہے یہیں ہمیں اس کی سیرت کے ابتدائی نقوش مل جاتے ہیں جن کا زیادہ حصّہ کتاب کے ختم ہونے تک باقی رہتا ہے۔ اس کے ڈرنے اور نفرت کرنے کی چیزوں میں پانی ہے، جس کے نام سے وہ پناہ مانگتا ہے۔ آگے چل کر اس میں کمہار اور بوا زعفران کا اضافہ ہو جاتا ہے۔

(1) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(2) خوجی سے ہماری پہلی ملاقات کب اور کہاں ہوتی ہے؟

(3) خوجی کی کون سی خصوصیات بہت جلد اپنی طرف متوجہ کر لیتی ہیں؟

(4) خوجی کن چیزوں سے ڈرتا اور نفرت کرتا ہے؟

(5) درج ذیل کی وضاحت کیجیے :

تعزیت دینا – گہن لگ جانا – برتری جتانا – پناہ مانگنا

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

.2 غالبؔ نے "مراسلے کو مکالمہ بنا دیا ہے" - کیا یہ خیال صحیح ہے؟ اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔ 5

یا

قرۃ العین حیدر کی افسانہ نگاری کی خصوصیات لکھیے۔

.3 درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے : 10

(1) افسانہ "لمحے" کا مرکزی خیال کیا ہے؟

(2) امراؤ جان ادا کے کردار پر روشنی ڈالیے۔

(3) بجوکا کسے کہتے ہیں؟ افسانہ نگار نے اس کے ذریعے کیا پیغام دیا ہے؟

(4) ڈاکٹر خالص نے جدید شاعری کی کیا خصوصیات بتائی ہیں؟

## حصّہ نظم

.4 درج ذیل میں سے کسی ایک حصّے کو پڑھ کر دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : 10

فصل کے ساتھ ساتھ کھیتوں سے
اُگ رہی ہے بغاوتوں کی سپاہ
جگمگاتی ہے عدل کی شمشیر
مل سکے گی نہ ظالموں کو پناہ

کارخانوں کے آہنی دل سے
ایک سیلاب سا ابلتا ہے
سُرخ پرچم ہوا کے سینے پر
بن کے رنگ شفق مچلتا ہے
یہی ہندوستان کا ساحل ہے
جس پہ ٹوٹا غرورِ سلطانی

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

آگ سی لگ گئی ہے پانی میں
موجیں کرتی ہیں شعلہ افشانی

(1) مندرجہ بالا نظم کے شاعر کا نام کیا ہے؟
(2) کھیتوں سے بغاوتوں کی سپاہ اُگنے کا کیا مطلب ہے؟
(3) عدل کی شمشیر چمکنے سے کیا ہوگا ؟
(4) سرخ پرچم کس بات کی علامت ہے؟
(5) ''غرورِ سلطانی'' ٹوٹنے کا کیا مطلب ہے؟

یا

منزلِ عشق پہ یاد آئیں گے کچھ راہ کے غم
مجھ سے لپٹی ہوئی کچھ گردِ سفر بھی ہوگی

ہاتھ سے کس نے ساغر پٹکا موسم کی بے کیفی پر
اتنا برسا ٹوٹ کے پانی ڈوب چلا مے خانہ بھی

اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کیا کرو
کچھ پا گئے ہیں آپ کی طرز بیاں سے ہم

دیتے ہیں سُراغ فصلِ گُل کا
شاخوں پہ جلے ہوئے بسیرے

انھیں گل رنگ دریچوں سے سحر جھانکے گی
کیوں نہ کھلتے ہوئے زخموں کو دُعا دی جائے

(1) منزلِ عشق پہ شاعر کو کیا یاد آئے گا اور کیوں ؟
(2) پانی کیوں ٹوٹ کے برسا اور اس کا کیا نتیجہ ہوا ؟
(3) ''کچھ پا گئے ہیں آپ کی طرز بیاں سے ہم'' کا کیا مطلب ہے؟
(4) شاعر کو فصلِ گل کا سُراغ کن چیزوں سے ملتا ہے؟
(5) گل رنگ دریچوں سے کیا مراد ہے؟

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

.5 نظم "ارتقاء" کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 5

یا

نظم "یادنگر" میں قتل و غارت گری کے الفاظ نظم کے مرکزی خیال کی طرف اشارہ کرتے ہیں آپ اس سے کس حد تک متفق ہیں؟ اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

.6 درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے : 10

(1) عمیق حنفی کی نظم نگاری کی خصوصیات کیا ہیں؟

(2) شفیق فاطمہ شعریٰ نے نظم "یادنگر" میں کیا بتانے کی کوشش کی ہے؟

(3) انسان نے اس کائنات کو اپنی کوششوں سے کس طرح خوش رنگ اور کارآمد بنایا ہے؟

(4) روحِ ارضی آدم کا استقبال کیوں کرتی ہے؟

.7 پطرس بخاری کی انشائیہ نگاری پر نوٹ لکھیے۔ 4

یا

کہانی "جنم دن" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔

.8 درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : 6

(1) بوڑھے مچھوارے کی تصویرکشی افسانہ نگار نے کس انداز میں کی ہے؟

(2) چیرویاکوف کی موت کا سبب کیا ہے؟

(3) ناول "بیوہ" کے اہم کردار کون سے ہیں؟ اور پریم چند ان کی عکاسی میں کس حد تک کامیاب ہوئے ہیں؟

(4) ڈرامے کے اجزائے ترکیبی لکھیے۔

.9 مندرجہ ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مفصل جواب لکھیے : 20

(1) دبستانِ لکھنؤ کی شاعری کی کیا خصوصیات ہیں؟ مثالوں کے ساتھ لکھیے۔

(2) سرسید تحریک کے اغراض و مقاصد کیا تھے؟

(3) دلی کالج کی علمی اور ادبی خدمات تفصیل سے لکھیے۔

(4) اُردو زبان کے آغاز سے متعلق کیا کیا نظریات ہیں؟ تفصیل سے لکھیے۔

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

.10 درجِ ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے : 15

(1) پریم چند کی ناول نگاری کی خصوصیات واضح کیجیے۔

(2) علامہ اقبال کی نظم نگاری پر تبصرہ کیجیے۔

(3) آتش کی غزل گوئی پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(4) ترقی پسند تحریک سے متعلق دو ادیبوں کے بارے میں لکھیے۔

.11 درجِ ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کرکے لکھیے : 5

(1) مرثیہ گو کی حیثیت سے مشہور ہیں۔ (میر تقی میرؔ - آتشؔ - میر انیسؔ)

(2) 'روح ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے' نظم کے شاعر کا نام ہے۔ (جمیل مظہری - ن۔م۔ راشد - اقبال)

(3) افسانہ ''بجوکا'' کا مصنف ہے (راجندر سنگھ بیدی - ہوری - سریندر پرکاش)

(4) آغا حشر کاشمیری کا مشہور ڈراما ہے (انارکلی - یہودی کی لڑکی - خانہ جنگی)

(5) آرزو لکھنوی کے شعری مجموعے کا نام ہے (سریلی بانسری - عود ہندی - یادگر)

---